کتب خانہ سرکاری

V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

EXTRA ORDINARY.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۸۱ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ذی قعدہ سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۸ دسمبر سنہ ۱۹۴۱ء جلد ۵۴

غیر معمولی گزٹ

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(واقع ۸ دسمبر سنہ ۱۹۴۱ء)

اعلانِ مشمولہ ہٰذا کی گزٹ ریاست میں شائع ہونیکی بجانب گورنمنٹ منظوری دی جاتی ہے۔

لہٰذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل اعلانِ ہٰذا کی بغرض اشاعت گزٹ غیر معمولی مطبع کو بھیجی جائے۔ یہ اعلان آج ہی گزٹ غیر معمولی میں شائع کیا جائے۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔

دستخط سرکار عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رام پور)

اعلان

ہرگاہ کہ ملکِ معظم شہنشاہِ قیصرِ ہند اور ممالکِ جاپان - فن لینڈ - رومانیہ اور ہنگری کے مابین جنگ کا اعلان ہوگیا ہے - لہذا گورنمنٹ رامپور ممالک متذکرہ بالا کو ممالک غنیم قرار دیتی ہے - اور حکم دیتی ہے کہ جملہ احکام قانون تحفظ ہند ریاست رامپور کا اطلاق ممالک متذکرہ بالا اور اُن کے باشندگان سے ہوگا -